# N 973

Seat Number [ | | | | | | ]

2026 III 18 1100 – N 973 – SOCIAL SCIENCES (73) GEOGRAPHY—PAPER II (U)

(REVISED COURSE)

Time : 2 Hours (Pages 7) Max. Marks : 40

ہدایات :—

(1) تمام سوالات رسرگرمیاں حل کرنا لازمی ہیں۔

(2) بائیں جانب کے اعداد مکمل نمبرات کو ظاہر کرتے ہیں۔

(3) سوال نمبر 4(A) کے لئے دستیاب کردہ برازیل کے نقشے کا استعمال کر کے جوابی پرچہ سے منسلک کیجئے۔

(4) سوال نمبر 6(A) کے لئے ترسیمی کاغذ کا استعمال کر کے جوابی پرچہ سے منسلک کیجئے۔

(5) نقشہ بنانے کے لئے اسٹینسل کے استعمال کرنے کی اجازت ہے۔

(6) جہاں ضروری ہو صاف ستھری اشکال اور خاکے بنائیے۔

(7) جواب لکھنے کے لئے صرف کالی یا نیلی سیاہی کے قلم (پین) کا ہی استعمال کیجئے۔ پینسل سے لکھے گئے جواب قبول نہیں کیے جائینگے۔

(8) خاکے، اشکال اور نقشے کے کام کے لئے پینسل اور رنگین پینسل کے استعمال کی اجازت ہے۔

1. درست متبادل چن کر بیان دوبارہ لکھئے : 4

(1) ــــــــــــــــــــ نقل وحمل کے ارزاں ترین ذرائع ہیں۔

(i) سڑکیں (ii) آبی راستے

(iii) ہوائی راستے (Airways) (iv) ریل راستے

(2) بھارت کے درمیان سے گذرنے والے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تک سورج کی شعاعیں عمودی پڑتی ہیں۔

(i) خط استواء (ii) خطِ جدی

(iii) خطِ سرطان (iv) طول البلد

(3) برازیل میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی وجہ سے ماحول میں بڑے پیمانے پر آکسیجن دستیاب ہوتی ہے۔

(i) پت جھڑ کے جنگلات (ii) کانٹے دار جنگلات

(iii) سدا بہار بارانی جنگلات (iv) ہمالیہ کے جنگلات

(4) بھارت کی فی کس آمدنی برازیل سے کم ہونے کی وجہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(i) قومی پیداوار کی کمی (ii) کثیر آبادی

(iii) بڑے خاندان (iv) غذائی اناج کی قلت

2. متفرق جز پہچانیے : 4

(1) برازیل کی ریاستیں :

(i) ساو پاؤلو (ii) پارانا

(iii) باہیا (Bahia) (iv) اُروگوے

(2) سطح مرتفعائی علاقہ (Plateau Region) :

(i) مہاراشٹر (ii) پینٹا نال

(iii) کرناٹک (iv) تلنگانہ

Seat Number

(3) بھارت کے زیادہ بارش والے علاقہ :

(i) موسین رام (Mawsynram) (ii) چراپونجی

(iii) جیسلمیر (iv) مہابلیشور

(4) برازیل کے خاص ''تجارتی شراکت دار'' (Trading partners) :

(i) چین (ii) جرمنی

(iii) یو.ایس.اے. (USA) (iv) کنیڈا

3. مندرجہ ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط لکھئے ( (کوئی چار) : 4

(1) نل درگ ایک پہاڑی قلعہ ہے۔

(2) برازیل میں دنیا کی سب سے زیادہ نباتاتی تنوع پایا جاتا ہے۔

(3) گوا سب سے زیادہ شہرکاری والی ریاست نہیں ہے۔

(4) برازیل کے جنوب مشرقی ساحل کے قریب ماہی گیری پیشہ مرکز ہو گیا ہے۔

(5) سیاحت ایک نادیدہ قسم کی تجارت ہے۔

4. (A) برازیل کے نقشے (خاکہ) میں درج ذیل کی نشاندہی کیجئے، نام لکھئے اور فہرست بھی بنایئے (کوئی چار) : 4

(1) کوئلے کی پیداواری علاقہ

(2) ریودی جانیرو


(3) برازیل میں کانٹے دار جنگلات

(4) خطِ استواء

(5) پیراگوے دریا

(6) برازیل کی کم گنجاں آبادی کی ریاستیں

(B) درج ذیل بھارت کے نقشے کا مطالعہ کیجئے اور درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے (کوئی چار): 4




سوالات : (1) شمالی بھارت میں پائی جانے والی جھیل کا نام لکھئے۔

(2) مغربی سمت بہنے والے اہم دریاؤں کے نام لکھئے۔

(3) دریائے کاویری کا منبع کہاں ہے؟

(4) مناس کس دریا کی معاوِن دریا ہے؟

(5) درج بالا نقشہ کیا ظاہر کرتا ہے۔

Seat Number

.5 مندرجہ ذیل کی جغرافیائی وجوہات بیان کیجئے (کوئی دو) : 6

(1) برازیل میں ہمیشہ برف باری نہیں ہوتی۔

(2) بھارت میں آبادی کا اوسط گنجان پن زیادہ ہے۔

(3) انسانی بستی کو فروغ دینے کا اہم سبب پانی کی دستیابی ہے۔

(4) بھارت اور برازیل دونوں ملکوں میں مخلوط (Mixed economy) معیشت پائی جاتی ہے۔

.6 (A) درج ذیل اعداد و شمار کی مدد سے سادہ خطی ترسیم بنایئے اور درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے : 6

بھارت : خواندگی کی شرح

| سال (Year) | خواندگی کی شرح % میں |
|---|---|
| 1981 | 40.8 |
| 1991 | 48.2 |
| 2001 | 61.0 |
| 2011 | 69.3 |

سوالات :


(1) سال 2011 میں خواندگی کی شرح کیا ہے ؟

(2) 1991 سے 2001 دہائی میں شرح خواندگی میں کتنا اضافہ ہوا تھا ؟

(3) کس سال میں خواندگی کی شرح 40.8 ہے۔

یا

6 درج ذیل ترسیم کا مطالعہ کیجئے اور سوالات کے جوابات لکھئے : (B)



# 7/N 973

Seat Number

سوالات :

(1) اس ترسیم کی کون سی قسم ہے ؟

(2) اس ترسیم کا عنوان بتایئے ۔

(3) کس ملک کی مجموعی قومی پیداوار (GDP) میں سیاحتی پیشے کا حصہ زیادہ ہے ؟

(4) بھارت میں سیاحتی پیشے سے منسلک افراد کا فی صد کتنا ہے ؟

(5) دونوں ممالک میں سیاحتی پیشے سے منسلک افراد کے درمیان کتنا فرق نظر آتا ہے ؟

(6) مجموعی قومی پیداوار کے لحاظ سے سیاحت کے پیشے سے منسلک افراد کی تعداد کس ملک میں زیادہ ہے ؟

7. مندرجہ ذیل کے مفصل جواب لکھئے (کوئی دو) : 8

(1) برازیل اور بھارت کو کِن کِن ماحولیاتی مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ؟

(2) بھارت اور برازیل کی عرضی البلدی اور طول البلدی وسعت بتایئے ۔

(3) تاریخی مقامات کے تحفظ کے لئے آپ کیا تدابیر کریں گے ؟